شیخ راحیل احمد (جرمنی)

جرمنی میں ایک اور قادیانی فیملی کا قبول اسلام

قادیانی سازشوں کا ہر میدان میں مقابلہ کریں گے (سید منیر احمد شاہ)

جرمنی کے شہر اوسنا بروک کے رہائشی سید منیر احمد شاہ، جو کہ پیدائشی قادیانی تھے، نے اپنی بیوی اور چار بچوں سمیت قادیانی مذہب پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کر لیا ہے (الحمدللہ)۔ سید منیر احمد شاہ، قادیانی جماعت میں مختلف مقامی عہدوں پر فائز رہے ہیں۔ اور ان کے بیان کے مطابق وہ تیسرے قادیانی خلیفہ مرزا ناصر احمد کے بیٹے مرزا فرید احمد کے قریبی حلقے میں شامل تھے اور چناب نگر (سابقہ ربوہ) میں اسکی (ایمبیسی) سگریٹ کی ایجنسی چلاتے رہے ہیں۔ ان کی بیوی شاکرہ بیگم، مرزا غلام احمد قادیانی کے مشہور بدنام زمانہ شاعر قاضی ظہور الدین اکمل (محمد پھر اتر آئے ہیں ہم میں۔ اور آگے سے ہیں بڑھ کر اپنی شان میں۔ [نعوذ باللہ۔ ناقل]) کی بھتیجی ہیں۔ کچھ عرصہ قبل منیر شاہ نے مقامی عربی مسلمانوں کی مسجد میں جا کر اسلام قبول کرنے کا اعلان کیا، لیکن قادیانی سازشوں کی وجہ سے اس اعلان کی اشاعت نہ ہو سکی۔ کیونکہ اس کی اشاعت سے قادیانیوں کے مورال پر اثر پڑتا۔ اس کی خاکسار کو اطلاع ہوئی تو فوراً منیر شاہ صاحب سے رابطہ کیا اور ان کے ساتھ پروگرام طے کر کے ۱۲؍جون ۲۰۰۵ء اتوار کے روز، خاکسار اور برادرم افتخار احمد دوسرے رفقاء کے ساتھ کولون شہر سے روانہ ہوئے اور تقریباً تین سو کلومیٹر دور اوسنا بروک پہنچے۔ راستے میں خدا تعالیٰ نے ایک معجزہ دکھایا کہ خاکسار کی گاڑی نیند کا جھونکا آنے کی وجہ سے بے قابو ہو کر موٹر وے کی درمیانی ریلنگ سے ٹکرائی اور گھومتی ہوئی تین چکر کھا کر ایک کھائی میں جا گری۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے رسول کریم ﷺ کے نام کے صدقے گاڑی میں بیٹھے ہوؤں کو اسطرح بچایا کہ کسی کو ایک خراش تک بھی نہیں آئی اور گاڑی کو بھی بہت معمولی نقصان پہنچا۔ اوسنا بروک میں مقامی مسلمانوں نے جلسہ کا انتظام کیا تھا۔ اس جلسہ سے خاکسار (شیخ راحیل احمد)، افتخار احمد صاحب اور سید منیر احمد شاہ نے خطاب کیا، اس جلسہ میں تبلیغی جماعت کے کچھ دوست ہنوور سے بھی تشریف لائے ہوئے تھے۔ اس جلسہ میں خاکسار نے مرزا غلام احمد قادیانی کے دعاوی پر تقریر کی۔ برادرم افتخار صاحب نے مرزا قادیانی کے حلیہ اور اخلاق پر حاضرین کو بتایا۔ اس کے بعد اپنے خطاب میں منیر احمد شاہ صاحب نے ان قادیانی سازشوں اور ان پر ہر طرف سے پڑنے والے دباؤ کی تفصیل بتائی اور جلسہ میں انہوں نے اور دوسرے حاضرین نے عہد کیا کہ وہ ختم نبوت کے کام کے لئے آئندہ اپنا دن اور رات ایک کر دیں گے اور قادیانی سازشوں کا ہر میدان میں مقابلہ کریں گے۔ ان شاء اللہ۔

مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، نائب امیر چودھری ثناء اللہ بھٹہ، سیکرٹری جنرل پروفیسر خالد شبیر احمد، سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے جناب سید منیر احمد شاہ اور ان کے خاندان کو اسلام قبول کرنے پر مبارک باد دی ہے اور ان کے لیے ایمان کی استقامت کی دعا کی ہے۔